© rasailojaraid.com



دیا جا رہا ہے ؟ بڑے محبت بھرے اور کریمانہ انداز میں اس کی وجہ بیان فرمادی کہ اقوامِ عالم کی بھری انجمن سے اے غلامانِ مصطفیٰ علیہ السلام قدرت کی نگاہ نے تمہیں چنا ہے۔ حق کی پاسبانی کا فخر تمہیں بخشا ہے، مکارمِ اخلاق کی تکمیل کی خدمت تمہیں سونپی ہے۔ اس صحیفۂ رشد و ہدایت کا امین تمہیں بنایا گیا ہے۔ غور کرو تم پر کتنا کرم فرمایا ہے اس کریم نے تمہیں کتنا بڑا اعزاز بخشا ہے اس عزیز و قدیر نے۔

اب اگر تم نے اس دین کی نشر و اشاعت کا فریضہ ادا کرنے میں کوتاہی کی اور ان رکاوٹوں کو نہ ہٹایا جو اس کا راستہ روک کے کھڑی ہیں اگر تم نے ان تجلیات کو تار تار نہ کیا جو اس کی روشنی کو پھیلنے نہیں دیتے تو پھر تم سے بڑھ کر احسان فراموش کوئی نہیں ہوگا۔

(ضیاء القرآن از پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ)

## جہاد

فتویٰ ہے شیخ کا یہ زمانہ قلم کا ہے
دنیا میں اب رہی نہیں تلوار کارگر

لیکن جنابِ شیخ کو معلوم کیا نہیں؟
مسجد میں اب یہ وعظ ہے بے سود بے اثر

تیغ و تفنگ دستِ مسلماں میں ہے کہاں؟
ہو بھی تو دل ہیں موت کی لذت سے بے خبر

کافر کی موت سے بھی لرزتا ہو جس کا دل
کہتا ہے کون اسے کہ مسلماں کی موت مر

تعلیم اس کو چاہیے ترکِ جہاد کی
دنیا کو جس کے پنجۂ خونیں سے ہو خطر

باطل کے فال و فر کی حفاظت کے واسطے
یورپ زرہ میں ڈوب گیا دوش تا کمر

ہم پوچھتے ہیں شیخِ کلیسا نواز سے
مشرق میں جنگ شر ہے تو مغرب میں بھی ہے شر

حق سے اگر غرض ہے تو زیبا ہے کیا یہ بات
اسلام کا محاسبہ یورپ سے درگزر؟

رب العزت پاکستان اور عالمِ اسلام کو
استحکام و عزت عطا فرما (آمین)

New Tech Bearings Faisalabad

SKF Authorised Dealer

© rasailojaraid.com